© rasailojaraid.com



تین عدد کوپن فروخت نہ ہونے کی صورت میں ممبر کو -/۴۵ روپے کا نقصان ہو سکتا ہے۔"

اس کے معنی یہ ہیں کہ کچھ لوگ تو فائدہ اٹھا لے گئے اور کچھ لوگوں کے سر نقصان لد گیا۔ ایسی تمام اسکیموں کا ہمیشہ یہی انجام ہوتا ہے۔

ان وجوہ سے میں اپنی پختہ رائے یہ رکھتا ہوں کہ کسی خدا پرست راست باز اور انسان دوست آدمی کو اس ہوسناکی میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے۔ جو ایسی اسکیموں کے پیچھے کام کر رہی ہوتی ہے۔

(ن۔ ح)

---

ضمیمۂ رسائل و مسائل :-

## ہمارے مہربان

سعودی عرب سے دو خط موصول ہوئے ہیں جن کا مفاد یہ ہے کہ ترجمان القرآن "ترجمان بائبل" بن گیا ہے، کیونکہ اس میں "کتاب مقدس کا کورس" پر ۳ سطری تعارف لکھا گیا ہے۔

قصّہ یاد آگیا ہے کہ ایک خوشنویس قرآن شریف لکھنے بیٹھے تو خیال کیا کہ ایسی پاک کتاب میں شیطان اور خنزیر کا ذکر ناقابلِ برداشت ہے، لہٰذا انہوں نے کتابت کرانے والے صاحب کے والد محترم اور دادا حضور کے نام ایسے تمام مقامات پر لکھ دیئے۔ کتابت کرانے والے صاحب سر پیٹ کر رہ گئے۔

ہم نے عیسائیوں کے کورس کا تعارف اس لیے لکھا تھا کہ مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ کس طرح بذریعہ خط و کتابت ان کے ہاں تعلیمِ بائبل اور تبلیغِ عیسائیت کی مساعی شروع ہو گئی ہیں۔ ہماری اس خدمت کا جواب وہ ہے جو اوپر دیا گیا ہے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

© rasailojaraid.com